# Govt. of Karnataka
## Karnataka School Examination and Assessment Board
## Model Question Paper - 1

Class: II Year PUC | Academic Year: 2024-25
Subject: URDU(08) | Maximum Marks: 80
Time: 3:00 Hours | No. of Questions: 49

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف"
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - "الف"

I. (الف) درج ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. میر آصف کے اہم عہدے پر فائز تھا۔
A. کرشناراؤ B. شمیالئنگر
C. پورنیا D. سباراؤ

2. منٹو کے لیے کیا لکھنا بائیں ہاتھ کا کھیل تھا؟
A. کالم B. افسانہ
C. ڈراما D. فیچر

3. مصنف نے زیور کی مختلف اقسام کے بارے میں یہ نظریہ پیش کیا ہے۔
A. زیور صرف جسمانی خوبصورتی کے لیے ہوتا ہے۔ B. زیور معاشرتی مقام کی علامت ہے۔
C. زیور ایک بوجھ ہے اور اسے کم کیا جانا چاہیے۔ D. زیور صرف عورتوں کے لیے ہوتا ہے۔

4. کرسیٔ صدارت اور کرسیٔ وزارت میں برتری کا فیصلہ منحصر ہے۔
A. کرسی کی بناوٹ پر B. کرسی کی رنگت پر
C. وقت اور حالات پر D. کرسی کی قیمت پر

5. میر صاحب کی ریل کے سفر سے متعلق پریشانی کی سب سے بڑی وجہ
A. سفر کا لمبا دورانیہ B. ریل کا نامعلوم نظام
C. اقتصادی حالات D. سفر کی کمزوری

**(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** 5X1=5

(کوتوال، ناچ، بین، آواز، رادھا، بہو)

6. بھینس کے آگے ____________ بجانا۔
7. سو دن ساس کے، ایک دن ____________ کا۔
8. ____________ نہ جانے آنگن ٹیڑھا۔
9. الٹا چور ____________ کو ڈانٹے۔
10. خدا کی لاٹھی میں ____________ نہیں ہوتی۔

**(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیے۔** 5X1=5

| الف | | ب | |
|---|---|---|---|
| 11. | جیسی کرنی ویسی بھرنی | i. | صبر کا نتیجہ ہمیشہ اچھا ہوتا ہے |
| 12. | آپ بھلے تو جگ بھلا | ii. | سچ اور جھوٹ، صحیح اور غلط کا واضح فرق ہوتا ہے |
| 13. | دودھ کا دودھ پانی کا پانی | iii. | جو لوگ زیادہ بولتے ہیں وہ عملی طور پر کچھ نہیں کرتے |
| 14. | صبر کا پھل میٹھا | iv. | اگر آپ خود اچھے ہیں تو دنیا بھی آپ کو اچھی لگے گی |
| 15. | جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں | v. | جیسے اعمال ہوں گے ویسا ہی ان کا بدلہ ملے گا |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

16. سارے گھر میں کاکی سے کس کو محبت تھی؟
17. سوشیل میڈیا کی سب سے بڑی طاقت کیا ہے؟
18. اس ملک میں اردو کا فروغ کس کی مساعی کا نتیجہ ہے؟
19. ادب کی دو قسمیں کونسی ہیں؟
20. غالب نے کتنے بیت کا قصیدہ لکھا تھا؟

## حصہ۔ "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. بدھ رام اور روپا طبیعت کے کیسے تھے؟

22. چودھری محمد حسین کون تھے اور انھیں کیا زعم تھا؟

23. سوشیل میڈیا سے مراد کیا ہے؟

24. پرانے زمانے میں لوگ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے تو کیا کرتے تھے؟

25. بلی کے راستہ کاٹنے سے میر صاحب کے والد کے دوست کے ساتھ کیا واقعہ پیش آیا تھا؟

26. سید محمود نے طشتری میں شکر لے کر کیا کیا؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. ساری خوبیوں کا سزاوار کون ہے؟

28. خدا کو اپنے محبوب کی سوگند دے کر شاعر نے اس سے کیا طلب کیا ہے؟

29. عوت نہ ہوتی تو یہ دنیا کیا ہوتی؟

30. شاعر نوجوانوں سے کس کا جلال اور کس طرح کا شباب پیدا کرنے کے لیے کہہ رہا ہے؟

31. وطن پر بری نظر ڈالنے والوں کو شاعر نے کس طرح خبر دار کیا ہے؟

32. شاعر کی مختصر سی دنیا میں کیا کیا تھا؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. "خنجر پہ انگلیوں کو پھراتا ہوا چلا" کا کیا مطلب ہے؟

34. شری بسویشور نے اپنے وچن میں زبان کے استعمال کے متعلق کیا ہدایت دی ہے؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. ٹیپو نے سرنگیری مندر کے علاوہ اپنی مملکت کے دوسرے مندروں کی سرپرستی کس طرح کی؟

36. دن کے آٹھ پہر یا چوبیس گھنٹے کس طرح دبے پاؤں نکل جاتے ہیں؟

37. فاروقی صاحب نے نوجوان نسل، بالخصوص اردو زبان و ادب سے وابستہ افراد کو کیا نصیحت کی ہے؟

38. نئی قسم کی کرسی کی خصوصیات بیان کریں جو سماجی مسائل حل کر سکے۔

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "ایسے پیٹ میں آگ لگے۔ پیٹ ہے کہ آگ کا کنڈ ہے۔"

40. "دیکھو منٹو میں تمھیں اپنے بیٹے کے برابر سمجھتا ہوں۔"

41. "کلمہ پڑھ کر سو جاؤ۔"

42. "لماں۔ ذرا دیکھو تو بٹیروں کے دل کیسے دھڑک رہے ہیں۔"

## حصہ - "ج"

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. سختی کے بعد عیش کا امیدوار اچھ — آخر ہے روزہ دار کوں اک روز عید یھاں

ii. ہستی سے زیادہ ہے کچھ آرام عدم میں — جو جاتا ہے یہاں سے وہ دوبارا نہیں آتا

iii. نہ دل ہی ٹھہرا، نہ آنکھ جھپکی، نہ چین پایا، نہ خواب آیا — خدا دکھائے نہ دشمنوں کو، جو دوستی میں عذاب دیکھا

iv. یوں مسکرائے جان سی کلیوں میں پڑ گئی — یوں لب کشا ہوئے کہ گلستاں بنا دیا

v. سنا ہے بولے تو باتوں سے پھول جھڑتے ہیں — یہ بات ہے تو چلو بات کرکے دیکھتے ہیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. بہار و خزاں کم نگاہوں کے وہم — برے یا بھلے سب زمانے تیرے
عدم بھی ہے تیرا حکایت کدہ — کہاں تک گئے ہیں فسانے تیرے

ii. درد ہی درد بھر گیا دل میں — اتنا حساس کردیا غم نے
جب کسی آنکھ سے گرا آنسو — اپنی پلکوں پہ لے لیا ہم نے

## حصہ "د"

V. 46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. دق کرنا ii. رفو چکر ہونا iii. دال نہ گلنا

iv. ہوا سے باتیں کرنا v. شوق چرانا vi. تاب نہ لانا

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. صنعتِ مبالغہ ii. صنعتِ تضاد

48. شہر میں پھیلے ہوئے بے شمار کچرے کی وجہ سے بدبو پھیل رہی ہے اور بیماریوں کے لاحق ہو جانے کا خدشہ بڑھ گیا ہے۔ ایک اچھے شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے آپ میونسپل کمشنر کے نام ایک خط لکھیے اور صفائی کا انتظام کرنے کی درخواست دیجئے؟ 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

ii. ہمیں اپنے اساتذہ کی عزت کرنی چاہیے۔

iii. تاج محل محبت کی نشانی ہے۔

iv. پرہیز علاج سے بہتر ہے۔